ہیٹ وارننگ کے دوران سٹی آف برامپٹن نے شہریوں کے لیے گرمی سے بچنے کے ٹھنڈے مقامات کھول دیے ہیں

برامپٹن، آن (22 جون 2022) – آج 21 جون سے شروع ہونے والے حالات کے حوالے سے ریجن آف پیل کی جانب سے کل جاری کی گئی ہیٹ وارننگ (شدید گرمی کا انتباہ) کے بعد، سٹی آف برامپٹن رہائشیوں کو اپنا جسم ٹھنڈا رکھنے کی اہمیت کی یاددہانی کرانا چاہتا ہے۔

سٹی نے معمول کے کاروباری اوقات کے دوران اپنی تمام عوامی عمارتوں (برامپٹن سوک سنٹر، سٹی ہال، تفریحی مراکز، لائبریریوں) میں گرمی سے نجات کے مقامات کھول دیے ہیں۔

سٹی کے سپلیش پیڈ کے اوقات کار صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک ہیں اور چنگواکوسی پارک ویڈنگ پول ویک اینڈ اور چھٹیوں کے دوران صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک کھلا رہتا ہے، موسم کی صورت حال کے مطابق۔ مقامات یہاں دیکھیں۔

گرمی سے بچنے کے لیے، برامپٹن کے رہائشی درج ذیل مفید مشوروں پر عمل کر سکتے ہیں:

بیرونی سرگرمیوں کو محدود کریں
رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ بیرونی سرگرمیوں کو محدود کریں۔ اس بات کی بھی سفارش کی جاتی ہے کہ عوام دھوپ سے بچیں، زیادہ پانی پیئیں اور ایئر کنڈیشنڈ یا سایہ دار جگہوں پر رہیں۔

جن لوگوں کو زیادہ خطرہ ہے
بزرگ شہری اور چھوٹے بچے خاص طور پر خطرے کی زد میں ہوتے ہیں اور رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ایسے دوستوں اور خاندان کے لوگوں کے ساتھ رابطہ میں رہیں، جو آپ کے خیال میں زدپذیر ہو سکتے ہیں۔

پالتو جانور
پالتو جانوروں کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے مشورے:

- پالتو جانوروں کو گھر کے اندر رکھیں اور انہیں گرمی میں گھمانے لے کر جانے سے گریز کریں - اگر چلنے کا راستہ ننگے پاؤں کے لیے آپ کے بہت گرم ہے، تو یہ جانوروں کے ننگے پنجوں ں کے لیے بھی بہت گرم ہے۔
- کافی مقدار میں تازہ پانی فراہم کریں
- گھر کے اندر ہوا کا بہاؤ برقرار رکھیں
- سورج میں وقت کو محدود کریں اور سایہ فراہم کریں

گرم موسم میں، بچوں اور پالتو جانوروں کو گاڑی میں اکیلا نہ چھوڑیں۔

پانی میں محفوظ رہیں
رہائشیوں کو اس بات کی بھی یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ پانی کے قریب محفوظ طریقے سے کھیلیں:

- پانی کے قریب چھوٹے بچوں کو ہمیشہ ایک بازو کی پہنچ میں رکھیں
- کبھی بھی اکیلے تیراکی نہ کریں
- پچھلی صحن میں موجود پُولز تک رسائی کو چاروں طرف باڑ لگا کر محدود اور قابو کریں

- جب پوول کی جگہ یا ساحل پر ہوں، تو چھوٹے بچوں کو لائیف جیکٹ پہنا کر رکھیں
- تیراکی کے لیے لائیف گارڈ کی نگرانی والے ساحلوں اور پوولز کا انتخاب کریں
- استعمال نہ ہونے والے وِیڈنگ پُولز اور پانی کی بالٹیوں کو، اگر استعمال میں نہ ہوں، تو خالی کر دیں
- اگر آپ کے پاس پُول یا کاٹیج موجود ہے تو یقینی بنائیں کہ آپ کے خاندان کے افراد کے پاس زندگی بچانے کی مہارتیں موجود ہیں

گرمی سے بچاؤ کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca اور www.peelregion.ca ملاحظہ کریں۔